DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس
جمعرات 20 رجب المرجب 1445ھ یکم فروری 2024

برآمد کنندگان کا خزانے میں ریونیو جمع کرانے میں بھی اہم حصہ، محمد صادق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کسٹمز کی ٹیم ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اسکیم کے تحت رجسٹرڈ برآمد کنندگان کو مکمل تعاون کی فراہمی کیلیے تیار ہے، یہ بات کلکٹر کسٹمز ایکسپورٹ محمد صادق نے ٹاولز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن میں برآمد کنندگان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انھوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کا قومی خزانے میں ریونیو جمع کرانے کے ساتھ روزگار کی فراہمی کے ساتھ سماجی و اقتصادی ترقی میں بھی اہم حصہ ہے۔ انھوں نے یقین دہانی کرائی کہ ایکسپورٹ کلکٹریٹ برآمد کنندگان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی۔